حسنِ ازل

از جناب آلم صاحب مظفر نگری

پردۂ شام وسحر کے ساز میں گاتا ہے کون | مستیاں میخانۂ فطرت سے برساتا ہے کون
کون دیتا ہے مجھے وقتِ سحر درسِ جنوں | کون سمجھاتا ہے شامِ ہجر آئینِ سکوں
ہے ترازو زخمِ دل میں کس کا پیکانِ نظر | کون سینے میں چھپا ہے صورتِ دردِ جگر
کس نے تاروں کو سکھائی چرخ پر نغمہ گری | کون ذروں کے دہن پر ہے برنگِ خامشی

کس کے جلوؤں سے ہے ذوقِ عشق گرمایا ہوا
حسن بن کر کون ہے کونین پر چھایا ہوا

شمعِ محفل کے جگر میں کون ہے آتش فروش | کون پروانے کی خاکستر میں ہے سوزِ خموش
گیسوئے برہم ہے کس کا رونقِ حسنِ خزاں | موسمِ گل میں ہیں کس کے حسن کی رنگینیاں
سرو پر قمری کسی کے ہجر میں دلگیر ہے | نغمۂ بلبل کسی کے شوق کی تفسیر ہے
گر تغافل سے کسی کے یہ نہیں آشفتہ جاں | شاخ پر کیوں پھر پپیہا گا رہا ہے "پی کہاں"

پردہ ہائے کہکشاں میں نور کا قلزم ہے کون
چرخ پر زینت فروزِ محفلِ انجم ہے کون

ظاہر و باطن ہے کوئی محفل آرائے وجود | جس کا ہر جلوہ ہے خود تفسیرِ معنائے شہود
کیا لگائے کوئی رمزِ حق و باطل کا پتا | آپ ہی ظلمت ہے وہ اور آپ ہی ظلمت ربا
تازہ کرنے کے لئے دردِ والم کی داستاں | روح کے نغموں سے برساتا ہے کیفِ جاوداں

سینۂ شاعر میں رہتا ہے برنگِ آہِ سرد
شعر کی گہرائیوں میں کھیلتا ہے بن کے درد

کونسا جلوہ ہے روشن جس سے ہیں یہ صبح و شام
بتکدہ بھی میکدہ بھی دیر بھی بالالتزام

میں نے پروانے سے جب پوچھا تو وہ کہنے لگا
یہ فروغ شمع محفل کا ہے حسن ارتقا

ذہن بلبل کی فقط یہ آخری پرواز ہے
صرف رنگِ گل بھر عالم کرشمہ ساز ہے

ہے چکوروں کا گمان و وہم تا حد ثبات
ماہ کامل کی تجلی ہے محیطِ کائنات

ہے نگاہ برہمن کا منتہا حسنِ صنم
شیخ کی نظریں ہیں محدود تماشائے حرم

قابلِ صد آفریں ہے میرا حسنِ امتیاز
میں سمجھتا ہوں فقط حسنِ ازل کا اہتزاز

ضرورت مترجمین

عربی۔ فارسی۔ انگریزی سے براہ راست شستہ و رفتہ سلیس اُردو میں ترجمہ کرنے والوں کی ضرورت ہے۔ جو مناسب اُجرت پر علمی ادبی تاریخی نیز متفرق علوم و فنون کی کتابوں اور رسائل کے مضامین کا ترجمہ کر سکیں کسی ایک زبان اور اُردو کا جاننا کافی ہے۔ علمی قابلیت نیز تجربہ کے متعلق تفصیل سے جواب آنا ضروری ہے

پتہ ذیل پر خط و کتابت کریں

شباب، پوسٹ بکس نمبر ۳۱۲۶

بمبئی نمبر (۳)